22 تا 28 ستمبر 2023 | شمارہ نمبر 39 | جلد نمبر 35
1989ء سے مسلسل اشاعت
MC - 547 Price Rs. 100/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
BMG




بزنس مین پینل
کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




VERITAC

## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED


### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

## پبلشرز: حرا رؤف

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 23 رنگین، 17 عمومی

## بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

## رابطہ آفس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

## چارجز: (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# کالا دھن روکنے کیلئے حکومت کا ڈیجیٹل کرنسی متعارف کرانے کا فیصلہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی معیشت کو بہتر بنانے، کالے دھن کو روکنے، روپے کی قدر کو بہتر بنانے اور مختلف قسم کی ادائیگیوں کے لیے حکومت نے ڈیجیٹل کرنسی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈیجیٹل کرنسی کی قدر پاکستانی روپے کے برابر ہی ہوگی جیسے چین کی ڈیجیٹل کرنسی کا ایک یونٹ چینی یوآن کے برابر ہے اور اس کو اسٹیٹ بینک کی مکمل حمایت حاصل ہوگی۔ یہ پیپر کرنسی کی طرح legal tender یعنی حکومتی ضمانت کی بنیاد پر جاری ہوں گے۔ ڈیجیٹل کرنسی کی تیاری کے لیے اسٹیٹ بینک نے کام شروع کر دیا ہے اور اس ضمن میں ماہرین کی خدمات بھی حاصل کی جا رہی ہیں۔ اس کیلئے سینٹرل بینک ڈیجیٹل کرنسی (سی بی ڈی سی) کے نام سے ایک ادارہ کام کر رہا ہے جو اس کی لاگت اور دیگر عوامل کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ہر قسم کی باریکی کو مدنظر رکھا جائے اور ڈیجیٹل کرنسی شروع کرنے کے بعد کسی قسم کی کمی یا خرابی نہ رہ جائے۔ منصوبہ یہ ہے کہ آہستہ آہستہ اس کو جاری کیا جائے گا اور کاغذی نوٹوں کو کم کیا جائے گا۔ آخر میں 90 فیصد ڈیجیٹل کرنسی کا استعمال ہوگا اور کاغذی نوٹوں کا صرف 10 فیصد تک رہ جائے گا۔ وہ بھی صرف اس لئے کہ اگر کوئی بڑا مسئلہ ہو جائے تو متبادل کرنسی موجود ہو، سسٹم بالکل جامد (رک) نہ ہو جائے۔ ڈیجیٹل کرنسی شروع کرنے سے کاغذی نوٹ چھاپنے، ان کو مختلف شہروں اور دیہاتوں تک حفاظت سے پہنچانے پر اٹھنے والے اخراجات میں کمی آئے گی اور ساتھ ساتھ پرانے نوٹوں کو تلف کرنے کے عمل پر اُٹھنے والے اخراجات میں بھی کم ہونگے۔ دوسری طرف نوٹ چھپ کر تقسیم ہو جاتے ہیں لیکن کہاں اور کس مقصد میں استعمال ہوتے ہیں یہ معلوم نہیں ہو پاتا لیکن ڈیجیٹل کرنسی نظام میں کرنسی سے کی جانے والی ہر transactions کا ریکارڈ ہوگا۔ جیسے صرف کریڈٹ اور ڈیبٹ کی double entry ریکارڈ کیپنگ نہیں ہوگی بلکہ ایک تیسری مکمل ریکارڈ maintaining ہوگی۔ یوں مانیٹری پالیسی بہتر اور موثر طریقہ سے نافذ العمل عمل ہو سکے گی۔

# ڈالرز ذخیرہ کرنیوالوں کے گھروں پر چھاپے مارنے کی تیاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حساس اداروں نے ڈالر کی ذخیرہ اندوزی کرنے والے مافیا کے گھروں پر ایف آئی اے کی مدد سے چھاپے مارنے کی تیاری کر لی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ڈالر کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن کا اگلا مرحلہ شروع کیا جا رہا ہے جس میں ذخیرہ کیے گئے ڈالرز کی برآمدگی کے لیے ایف آئی اے اور حساس ادارے اب گھروں پر چھاپے ماریں گے۔ ذرائع کے مطابق ایکسچینج کمپنیز سے حاصل ڈیٹا کی مدد سے ملک بھر میں گھروں کی نشاندہی کر لی ہے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ حساس اداروں کو کریک ڈاؤن کے بعد مافیاز کے گھروں میں ڈالر ذخیرہ کرنے کی مستند اطلاعات ملی ہیں، حساس اداروں نے غیر معمولی تعداد میں ڈالر لینے والوں کی فہرست بھی حاصل کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے اور حساس ادارے گھروں پر ٹارگٹڈ چھاپہ مار کارروائی کریں گے جس کے بعد گھروں میں ڈالر چھپانے والوں کو گرفتاری اور جیل میں قید کی سزائیں ملیں گی۔ واضح رہے کہ ڈالر مافیا کے خلاف جاری کریک ڈاؤن سے اب تک ڈالر 31 روپے سستا ہو چکا ہے، یکم ستمبر کو ڈالر 328 روپے کی بلند ترین سطح پر بند ہوا تھا جبکہ اوپن مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر میں بڑی کمی آئی ہے جس سے ڈالر 300 روپے سے نیچے آ گیا ہے۔

# تجارتی تنظیموں کے انتخابات 2024ء میں ہونگے

لاہور (نیوز ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کے بعد افواہیں دم توڑ گئیں، تجارتی تنظیموں اور چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات سال 2024 میں ہی ہونگے۔ عدالت نے تمام ایگزیکٹو کمیٹی ممبران جن کے دو سال مکمل ہو چکے ہیں انہیں بھی ایک سال کی ایکسٹینشن دے دی۔ گوجرانوالہ اور رحیم یار خان چیمبر کے موقف کو تسلیم کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے اسکے مطابق رواں سال یعنی 2023 میں چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور دیگر تجارتی تنظیموں کے الیکشن نہیں ہونگے۔ اب تمام ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات ایک ہی ساتھ سال 2024 میں ہونگے تاکہ رولز 2013 اور 2023 کے ترمیمی ایکٹ 2022 کے ساتھ جو تضادات ہیں وہ ختم ہو جائیں۔

# انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ 30 ستمبر مقرر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے تمام ٹیکس گزاروں کو سالانہ انکم ٹیکس گوشوارے 30 ستمبر تک جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے شہریوں اور ایسوسی ایشنز آف پرسنز کو یاد دہانی کرائی گئی ہے کہ وہ 30 ستمبر 2023 تک اپنے ٹیکس گوشوارے جمع کرائیں۔ ایف بی آر کی جانب سے شہریوں کیلئے آن لائن گوشوارے جمع کرانے کی سہولت پہلے سے فراہم کی جا چکی ہے، جہاں شہری انکم ٹیکس ریٹرن ویب پورٹل آئرس سسٹم اور ٹیکس آسان ایپ کے ذریعے فائل کر سکتے ہیں۔ ترجمان ایف بی آر نے کہا ہے کہ تنخواہ دار، کاروباری حضرات اور ایسوسی ایشن آف پرسنز اِنکم ٹیکس ریٹرن 30 ستمبر، 2023 تک فائل کر سکتے ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# حکومتی کارروائیاں جاری رہیں تو ڈالر 250/ روپے سے نیچے آجائیگا، ملک بوستان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں ایکسچینج کمپنیوں کی ایسوسی ایشن (ای سی اے پی) کے چیئرمین ملک بوستان نے امید ظاہر کی ہے کہ حکومت کی جانب سے ڈالر کے ذخیرہ اندوزوں، بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد اور اسمگلرز کیخلاف کارروائی کے بعد ملکی ترسیلات زر میں 10/ سے 20/فیصد تک اضافہ متوقع ہے۔ بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کریک ڈاؤن سے قبل ایکسچینج کمپنیوں کو روزانہ پانچ ملین ڈالرز ملتے تھے لیکن اب انہیں 15/ملین ڈالرز مل رہے ہیں یعنی اس میں 200/فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ کے ریٹس میں نمایاں کمی آئی ہے اور فی ڈالر 295/روپے کا ہوگیا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اگر کارروائی جاری رہی تو ڈالر 250/روپے سے نیچے آ جائے گا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ڈالر کے ذخیرہ اندوزوں، بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد اور اسمگلرز کیخلاف حالیہ کارروائی کے نتیجے میں بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد اور بینکوں کے درمیان گٹھ جوڑ بے نقاب ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈالرز کی بڑی تعداد مختلف بینکوں کے لاکرز میں رکھی گئی تھی اور بینکوں کا عملہ بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کے ساتھ مل کر یہ ڈالرز حوالہ اور ہُنڈی میں استعمال کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان لاکرز کی چابیاں بینک کے کرپٹ عملے کے پاس ہوتی تھیں اور جیسے ہی انہیں بلیک مارکیٹنگ میں ملوث افراد کی طرف سے میسیج (پیغام) ملتا تھا تو یہ کرپٹ بینک عملہ امریکی ڈالرز کی غیر قانونی تجارت شروع کر دیتا تھا۔ چیئرمین ای سی اے پی نے دعویٰ کیا کہ اس غیر قانونی سرگرمی میں ملوث بینک ملازمین کیخلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر کے اس غیر قانونی کاروبار نے کئی درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کو بگاڑ دیا ہے، ایک رجحان پایا جاتا ہے کہ درآمد کنندگان اشیاء کی قیمتیں برآمد کنندگان کو بڑھا کر دکھاتے ہیں۔ یہ درآمد کنندگان اپنی اوور انوائسنگ کے ذریعے زیادہ سے زیادہ ڈالر باہر بھیج دیتے ہیں جبکہ برآمد کنندگان کم قیمتیں دکھا کر اپنے حصے کے زیادہ ڈالرز غیر ملکی بینکوں میں رکھ دیتے ہیں۔ اس سے پاکستان اور اس کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کو نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ ڈالرز کس طرح افغانستان اسمگل کیے جاتے رہے۔ انہوں نے اس خیال کا اظہار کیا کہ ہر صورت میں ڈالر کی غیر قانونی تجارت کی روک تھام کیلئے مستقل اقدامات سے پاکستان اپنے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کر سکتا ہے۔ 6/ستمبر کو فوجی قیادت کی جانب سے پر زور انداز سے شروع ہونے والے اس کریک ڈاؤن کے بعد ملکی بینکوں اور اوپن مارکیٹس میں لاکھوں کروڑوں ڈالرز آ چکے ہیں۔ رواں ماہ کے آغاز میں انٹر بینک میں ایک ڈالر 308/ جبکہ اوپن مارکیٹ میں 330/ روپے کا ہوگیا تھا لیکن اب ریکوری ہو رہی ہے اور ڈالر کا ریٹ انٹر بینک میں 295/ جبکہ اوپن مارکیٹ میں 296/روپے کا ہوگیا ہے۔ ڈالر کی غیر قانونی تجارت کیخلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہا تو ڈالر کا ریٹ مزید کم ہوگا۔ ملک بوستان نے کہا کہ انہوں نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے درخواست کی تھی کہ ڈالر کی اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوز میں ملوث افراد اور مافیاز کیخلاف کارروائی کریں۔ کریک ڈاؤن سے قبل، لوگوں کی اکثریت بلیک مارکیٹ میں ڈیلرز سے رجوع کر رہی تھی۔

## انٹر بینک میں ڈالر 295 اور اوپن مارکیٹ میں 293 روپے ہوگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈالر کی قدر میں کمی کا تسلسل برقرار، انٹر بینک میں ڈالر 2.10 روپے تک اور اوپن مارکیٹ میں ایک روپے سستا ہوگیا، یورو کی قیمت خرید میں 80 پیسے کا اضافہ، پاؤنڈ کی قیمت میں 2 روپے تک کی کمی، فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 19 ستمبر کو روپے کے مقابلے پر انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت خرید 1.25 روپے کی کمی سے 295.50 روپے سے کم ہو کر 294.25 روپے اور قیمت فروخت 2.10 روپے کی کمی سے 296.60 روپے سے کم ہو کر 294.50 روپے ہوگئی ہے۔ اوپن مارکیٹ میں بھی ایک روپے کی کمی سے ڈالر کی قیمت خرید 294.00 روپے سے کم ہو کر 293.00 روپے اور قیمت فروخت 297.00 روپے سے کم ہو کر 296.00 روپے پر آ گئی۔

## غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور ہنڈی حوالہ میں ملوث عناصر کیخلاف کارروائی جاری

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی جانب سے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور ہنڈی حوالہ میں ملوث عناصر کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن جاری ہے، 303 چھاپے مارے گئے، جنوری سے اب تک 416 ملزمان کو گرفتار کرکے 3 ارب 54 کروڑ روپے کی کرنسی برآمد کی گئی۔ ایف آئی اے کی جانب سے اسحوالے سے اب تک کے اقدامات کی تفصیلات جاری کی گئی ہیں۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے کے مطابق رواں سال کرنسی کی غیر قانونی ایکسچینج میں ملوث عناصر کے خلاف 303 چھاپے مارے گئے، جس کے دوران 416 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ بیان میں بتایا گیا کہ گرفتار ملزمان سے مجموعی طور پر 3 ارب 54 کروڑ روپے مالیت کی ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کی گئی۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف 289 مقدمات اور 49 انکوائریاں درج کی گئیں۔

## حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث بینکرز کیخلاف کارروائی شروع

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث ملک بھر کے بینکرز کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر کے 8 بینک منیجرز کے خلاف مقدمات کا اندراج کر لیا گیا۔ مقدمات اسلام آباد، کراچی، لاہور اور فیصل آباد میں درج کیے گئے۔ فیصل آباد سے ایک بینک منیجر ذیشان شوکت کو گرفتار کر لیا گیا جس سے 12 مختلف کمپنیوں کی اسٹیمپ برآمد کیے گئے۔ ملزم کے موبائل فون سے کروڑوں روپے حوالہ ہنڈی سے بھجوانے کا ریکارڈ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مختلف بینک منیجرز کے اکاؤنٹس کی تفصیلات بھی حاصل کر لی گئیں۔ ڈی جی ایف آئی اے نے تمام ایکسچینج کمپنیوں کی دفاتر کی مکمل چھان بین کا حکم جاری کر دیا۔

## جدید ترین آٹومیشن سے ٹیکس نظام میں شفافیت آئے گی، آمدن میں اضافہ ہوگا، نگران وزیر خزانہ

اسلام آباد: (نیوز ڈیسک) نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کہا جدید ترین آٹومیشن سے ٹیکس نظام میں شفافیت آئے گی، آمدن میں اضافہ ہوگا۔ نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کا دورہ کیا، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے مختلف تجاویز کا جائزہ لیا، جدید آٹومیشن کے ذریعے ٹیکس آمدن بڑھانے کیلئے تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کہا جدید ترین آٹومیشن سے ٹیکس نظام میں شفافیت آئے گی، آٹومیشن کے ذریعے ٹیکس آمدن بڑھانے میں مدد ملے گی، ٹیکس نظام میں آٹومیشن سے احتساب کا عمل مؤثر ہوگا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




# 38th TRADE XPO indonesia

Exhibition | Seminar | Business Matching | Trade Mission




انڈونیشین قونصل جنرل آئی جون کن کورو
(Mr. Avi June Kuncoro) نے 14 ستمبر
2023 کو اپنی رہائش گاہ پر 38ویں ''ٹریڈ ایکسپو انڈو
نیشیا'' کے سلسلے میں ایک پرتکلف عشائیہ دیا۔اس موقع پر
وہ انڈونیشیا سے پیپر ٹریڈ کی سب سے بڑی فرم ''انٹرنیشنل
بزنس مینجمنٹ'' کے چیف ایگزیکٹو محمد سلیم بیکیا کو خوش آمدید
کہہ رہے ہیں، دیگر تصاویر میں ممتاز تاجروں وصنعتکاروں کا
قونصل جنرل کے ہمراہ گروپ۔



IBM ™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

## اپنے اراکین و گاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ






**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تا کہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کر سکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے 0300-2011313

IBM™

## International Business Managemnet

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، بلیچ بورڈ، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 20 ستمبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ریئل اور پنڈو ڈیلی، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن، آرٹ کارڈ پنڈو گولڈن کوئن، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار، آرٹ پیپر نیویا، آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر پیپر سپر ٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک، وائی ایم سی، لنٹیک اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز 190،200 ، 210، 310، 300، 260، 250 اور 350 گرام، 480 روپے سے کم ہوکر 450 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 500 روپے سے کم ہوکر 470 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 90۔100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 500 روپے سے کم ہو کر 490 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔105۔113۔ 128 اور 150 گرام، 500 روپے سے کم ہوکر 490 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 5300 روپے سے کم ہوکر 5250 روپے، 18x23 سائز 6500 روپے سے کم ہوکر 6200 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 7500 ، روپے سے کم ہوکر 7400 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ رائزنگ سن 24x34 سائز، 7500 روپے سے کم ہو کر 7350 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس تمام سائز تمام گرام 360 روپے سے کم ہوکر 356 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈو نیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام ، 350 روپے سے کم ہو کر 348 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام 590 ، روپے سے کم ہوکر 580 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1300 روپے سے کم ہوکر 1225 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1305 ، روپے سے کم ہوکر 1225 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1530 روپے سے کم ہوکر 1520 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام 1200 ، روپے سے کم ہوکر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1320 روپے سے کم ہوکر 1240 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام ، 1250 روپے سے کم ہوکر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1240 روپے سے کم ہوکر 1220 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپر ٹیک، 20x30 سائز، 3950 روپے سے کم ہوکر 3900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4000 ، روپے سے کم ہوکر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3900 روپے سے کم ہوکر 3800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 3950 روپے سے کم ہوکر 3850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز ، 9200 روپے سے کم ہوکر 9100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


**توجہ فرمائیے**

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

**0308-2933229**


## مقامی پیپر و پیپر بورڈ کی پیداوار میں کمی کا رجحان

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں جولائی کے دوران ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی طرف سے ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کے ماہانہ اشاریہ (ایل ایس ایم) رپورٹ کے مطابق جولائی میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 108.01 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلہ میں 1.09 فیصد کم ہے، گزشتہ سال جولائی میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 109.20 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا تھا۔ جون کے مقابلہ میں جولائی میں ملک میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں ماہانہ بنیادوں پر 3.62 فیصد کی کمی ہوئی، جون میں بڑی صنعتوں کی پیداوار کا اشاریہ 112.07 پوائنٹس ریکارڈ کیا گیا جو جولائی میں کم ہوکر 108.01 پوائنٹس ہوگیا۔ جولائی کے دوران خوارک کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر 1.14 فیصد، تمباکو 0.30 فیصد، وئیرنگ اپیرل 4.31 فیصد، کیمکلز 0.49 فیصد، کھادیں 1.14 فیصد، فارما 2.28 فیصد، ربڑ مصنوعات 0.02 فیصد، غیر دھاتی معدنیات 1.67 فیصد، مشینری و آلات 0.01 فیصد اور فٹ بالز کی پیداوار میں 0.05 فیصد کا اضافہ ہوا، اس کے برعکس مشروبات کی پیداوار میں جولائی کے دوران سالانہ بنیادوں پر 0.42 فیصد، ٹیکسٹائل 4.69 فیصد، لیدر 0.02 فیصد، پیپر اینڈ بورڈ 0.38 فیصد آٹوموبائل 2.59 فیصد اور فرنیچر کی پیداوار میں 1.85 فیصد کی کمی ہوئی۔


**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
*24 X 34 23 X 36*

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

**Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,**
**Tayyabji Road, Karachi. 74200.**
**Tel: 32627311 - 32627411**

**Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,**
**Ganpat Road, Lahore. 54000**
**Tel:37232889 - 37248501**
**Fax: 37227826**
**E-mail: chandtraders92@gmail.com**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مال بردار جہازوں کی تیز رفتار کلیئرنس کیلئے ڈیجیٹل نظام

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان میں مال بردار جہازوں کی تیز رفتار کلیئرنس اور ملک میں کاروبار کی لاگت اور دورانیہ میں بچت کا جدید خودکار ڈیجیٹل نظام رواں ماہ متعارف کرایا جارہا ہے، نئے سسٹم سے لاجسٹک کے شعبہ سے منسلک کاروبار مثلاً ٹرانسپورٹ، ویئر ہاؤس کیپر، فریٹ فارورڈرز کو فروغ حاصل ہوگا۔ پورٹ کمیونٹی سسٹم ستمبر میں کام شروع کردے گا، اس سسٹم کے تحت ملک کے تمام بحری اڈے اور ان میں قائم مختلف ٹرمینل مستقبل قریب میں ایک خودکار ڈیجیٹل نظام کے تحت کام کرنا شروع کردیں گے۔ اس نظام کے نفاذ سے کراچی پورٹ، بن قاسم پورٹ اور گوادر پورٹ پر مال بردار جہازوں کی کلیئرنس اور دیگر مراحل کی رفتار واضح طور پر بہتر ہوجائی گی اور سرحد پار تاجروں کو غیر معمولی سہولت حاصل ہوگی خصوصاً ملک میں کاروبار کی لاگت اور دورانیہ میں خاصی بچت ممکن ہے۔ پی سی ایس کے چیف ڈومین آفیسر نوید عباس میمن نے اس سلسلے میں بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ پی سی ایس ایک جامع پلیٹ فارم ہے جو درآمدات اور برآمدات سے متعلق تمام اداروں اور سرحد پار تاجروں کو بھی آپس میں منسلک کرتا ہے۔ یہ نیا نظام قومی ادارہ پاکستان سنگل ونڈو کا حصہ ہوگا اور اس کے تیاری اور نگرانی بھی یہ ہی ادارہ کریگا۔ یہ نظام پورٹ کے تمام اداروں کو قیمتی معلومات فراہم کرتا ہے جس سے پورٹ کی کارائیاں مثلاً مال بردار جہازوں کا رش اور روانگی و آمد کی مشکلات کو کافی حد تک کم کیا جاسکتا ہے۔ پی سی ایس کا ایک اہم کردار یہ ہے کہ وہ درآمدات اور برآمدات کے دوران تمام مراحل کا ایک جمع تصویر تاجروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو فراہم کرتا ہے جس کے ذریعے سے سرحد پار تجارت کے دوران پیش ہونے والے تمام روکاوٹوں کی نشاندہی بخوبی کی جا سکتی ہے اور پھر سرکاری اور نجی ادارے، شپنگ ایجنٹ اور تاجران ان مسائل کو حل کرسکتے ہیں۔

## پاکستان اور ایران کا بارڈر معاملات حل کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر اور ایران کے سفیر نے اتفاق کیا ہے کہ بارڈر کے معاملات کے حل کے لیے متعلقہ حکام کا رواں ماہ مشترکہ اجلاس ہوگا، چیئرمین ایف بی آر نے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لئے کسٹمز سے متعلق مسائل کے حل کے لئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے، پاکستان میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مغدم نے جمعہ 15 ستمبر کو چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو ملک امجد زبیر ٹوانہ سے ایف بی آر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں فریقین نے کسٹمز سے متعلق اُمور، موثر بارڈر مینجمنٹ اور دونوں ممالک کے درمیان سرحد پار تجارت بالخصوص میر جاوے۔ تفتان کراسنگ پوائنٹ کے راستے باآسانی آمدورفت اور مزید گیٹ نصب کرنے کے امکان پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

## افغان بارڈر طورخم 9 روز بند رہا

لنڈی کوتل (بزنس ڈیسک) پاک افغان بارڈر طورخم 9 روزہ بندش کے بعد کھول دیا گیا۔ کسٹم حکام نے بتایا کہ جمعہ 15 ستمبر کی صبح سرحد کو دوبارہ آمدورفت کے لیے کھول دیا گیا۔ دونوں جانب پیدل اور مال بردار گاڑیوں کی آمدورفت بحال، بارڈر پر صبح سویرے سے مسافروں کا رش، پاک افغان بارڈر طورخم رواں ماہ کی 6 تاریخ کو افغان طالبان کی جانب سے بارڈر کے قریب چیک پوسٹ تعمیر کرنے پر مسئلہ کھڑا ہوگیا، افغان طالبان کی فائرنگ کا پاکستانی فورسز نے بھی جواب دیا، حالات کشیدہ ہونے پر طورخم سرحد کو فوری طور پر بند کردیا گیا۔

## 126 وفاقی وصوبائی محکمے اور ادارے ایف بی آر کو معلومات نہیں دیتے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نگران حکومت نے پتہ لگایا ہے کہ وفاقی اور صوبائی سطح پر تقریباً 126 محکمے اور ادارے ایف بی آر کے ساتھ اپنے اعداد وشمار باقاعدہ اور مطلوبہ فارمیٹ میں شیئر نہیں کررہے جس کی وجہ سے اعداد وشمار کو محصولی حالت میں تبدیل کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔ ٹیکس کی تنگ بنیاد کو وسیع کرنے کے لیے ہر قسم کے مالیاتی لین دین کو پکڑنے کے لیے حکومت وفاقی اور صوبائی سطح پر تمام اداروں اور محکموں کو پابند کرنے کے لیے ایک آرڈیننس جاری کرنے پر غور کررہی ہے کہ وہ اپنے اعداد وشمار کو مستقل بنیادوں پر مربوط کریں تاکہ ممکنہ نئے اور انڈر فائلرز کا پتہ لگایا جاسکے۔ ایف بی آر نے ان محکموں کی نشاندہی کی جو اپنے اعداد وشمار مستقل بنیادوں پر شیئر نہیں کررہے۔ یہ اعداد وشمار حاصل کرنے کے لیے صدارتی آرڈیننس کے ذریعے تمام محکموں کو پابند کرنے کی ضرورت کو بڑھاتا ہے۔ لیکن نگران اس معاملے پر خاموش ہیں تاکہ اس معاملے پر کسی تنازع سے بچا جاسکے۔ وزیر خزانہ کے ماتحت اجلاس میں شرکت کرنے والے ایک عہدیدار نے بتایا کہ نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے ایف بی آر کو ہدایت کی ہے کہ وہ دفاتر میں بیٹھ کر خطوط بھیجنے پر انحصار کرنے کی بجائے قابل ٹیکس آمدنی کو بڑھانے کے لیے فیلڈ فارمیشنز کا دورہ کرنے کے لیے کوششیں تیز کرے۔ ایف بی آر کے پاس تقریباً 7.6 ملین رجسٹرڈ نیشنل ٹیکس ہولڈرز کے اعداد وشمار ہیں لیکن فعال ٹیکس دہندگان کی تعداد اس تعداد سے بہت کم ہے۔

## رائل ایکس چینج کمپنی کا اجازت نامہ معطل

کراچی (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے قواعد اور ضوابط کی خلاف ورزی پر ایک اور ایکس چینج کمپنی کا اجازت نامہ معطل کر دیاہے، ترجمان اسٹیٹ بینک کے مطابق میسرز رائل انٹرنیشنل ایکسچینج کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اجازت نامے کو اسٹیٹ بینک کے قواعد اور ضوابط کی خلاف ورزی پر تاحکم ثانی فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ مذکورہ ایکس چینج کمپنی کے صدر دفتر، برانچوں، فرنچائزز اور ادائیگی بوتھ کو معطلی کی مدت کے دوران کسی بھی قسم کی کاروباری سرگرمی انجام دینے سے روک دیا گیا ہے۔

## شیخ انعام الٰہی جمیل کی اہلیہ انتقال کر گئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) ایس عبداللطیف محمد اکبر اینڈ کمپنی کے پارٹنر، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے بانی رکن اور سابق وائس چیئرمین مرحوم شیخ انعام الٰہی جمیل کی اہلیہ اور میسرز الفیصل پیپر اینڈ بورڈ لاہور کے شیخ فیصل جمیل کی والدہ 20 ستمبر کو انتقال کرگئیں۔ مرحومہ کے انتقال پر پیپر مرچنٹس نے فیصل جمیل سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی۔


ہفت روزہ
"پیپر بزنس"
کی ویب سائٹ
www.weeklypaperbusiness.com
پر پرائم لوکیشن (فرنٹ پیج) پر
اشتہارات کی جگہ دستیاب ہے
رابطہ: 0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک کی جانب سے مہنگائی میں اگلے ماہ سے کمی آنے کی پیشگوئی

کراچی ( بزنس ڈیسک ) اسٹیٹ بینک کا شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان' مرکزی بینک کا کہنا ہے کہ مہنگائی میں کمی کا رجحان ہے' ستمبر کے دوران مہنگائی میں نمایاں اضافے کا امکان ہے تاہم اکتوبر میں مہنگائی میں کمی آئے گی اور اس کے بعد سے اس میں کمی کا سلسلہ برقرار رہے گا' جاری کھاتے کا خسارہ گذشتہ چار ماہ فاضل رہنے کے بعد جولائی میں خسارے سے دوچار ہوا' پیٹرولیم مصنوعات، کھاد اور سیمنٹ جیسے اہم خام مال کی فروخت میں معتدل اضافے کے ساتھ درآمدی حجم میں معمولی اضافہ ہوا ہے۔ زرعی شعبے کے امکانات بہتر ہو چکے ہیں۔ ایف بی آر ریونیو میں 27.2 فیصد اضافہ ہوا' ٹیکس گزاروں کی تعداد بڑھانا، صرف انتہائی غریب طبقے کو بہدف زرِ اعانت دینا، اور نجکاری یا اصلاحات کر کے سرکاری شعبے کے اداروں کا خسارہ کم کرنا۔ ان تین اقدامات سے وسط مدت میں مہنگائی کم کر کے طے شدہ حد تک لانے اور پائیدار معاشی نمو کے حصول میں مدد ملے گی۔ رواں سال کی دوسری ششماہی میں مہنگائی کمی کے راستے پر گامزن رہے گی' گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کی زیر صدارت مانیٹری پالیسی کمیٹی کا جمعرات 14 ستمبر کو اجلاس ہوا' مہنگائی مئی 2023ء میں 38 فیصد کی بلند ترین سطح سے گر کر اگست 2023ء میں 27.4 فیصد پر آ گئی۔ اگرچہ تیل کی عالمی قیمتیں حال ہی میں بڑھی ہیں اور توانائی کی سرکاری قیمتوں میں ردوبدل کے ذریعے صارفین کو منتقل کی جا رہی ہیں تاہم تخمینے کے مطابق مہنگائی کمی کے راستے پر گامزن رہے گی خصوصاً اس سال کی دوسری ششماہی سے۔ اس طرح آئندہ حقیقی شرح سود مثبت دائرے میں برقرار رہے گی۔ بہتر زرعی پیداوار اور زرمبادلہ اور اجناس کی منڈیوں میں سٹے بازی کی سرگرمیوں کے خلاف حالیہ انتظامی اقدامات کی وجہ سے رسد کی رکاوٹوں میں متوقع کمی سے بھی مہنگائی کے اس منظرنامے کو تقویت ملے گی۔

# محکمہ کسٹمز، اعلیٰ افسران کے تبادلے

اسلام آباد ( نیوز ڈیسک ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے محکمہ کسٹمز سے تعلق رکھنے والے گریڈ 19 تا گریڈ 21 کے 45 افسران کے تبادلے و تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 21 کے محمد صادق کو چیف کلکٹر آف کسٹمز ایکسپورٹ کسٹمز ہاؤس کراچی، مس سائمہ رضا بخاری کو چیف کلکٹر کسٹمز نارتھ کسٹمز ہاؤس اسلام آباد، محمد عمران خان مہمند کو ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن کسٹمز اسلام آباد، محمد سلیم کو ڈائریکٹر جنرل ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز ویلیوایشن کراچی، مس سائمہ شہزاد کو ڈائریکٹر جنرل، کسٹمز اکیڈمی آف پاکستان کراچی، عرفان الرحمن خان کو ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ان پٹ آؤٹ پٹ کو فیشنٹ آرگنائزیشن کراچی، گریڈ 20 کے سعید اکرم کو چیف کلکٹر کسٹمز ( او پی ایس ) خیبر پختونخواہ، فیروز عالم جونیجو کو ڈائریکٹر جنرل ( او پی ایس ) ڈائریکٹر جنرل آئی پی آر انفورسمنٹ کراچی، محمد محسن رفیق کو چیف (ایڈمن پول) ایف بی آر اسلام آباد، اشرف علی کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ان پٹ آؤٹ پٹ ساؤتھ، عمران احمد چوہدری کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈکیشن اسلام آباد، حسن ثاقب شیخ کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ایف بی آر اسلام آباد، مس منیزہ مجید کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایکسپورٹ کراچی، مس عظمت طاہرہ کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ لاہور، مس سائمہ آفتاب کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز سمریال سیالکوٹ، خواجہ خرم نعیم کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ پشاور، باسط مقصود عباسی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ (پورٹ) کسٹمز ہاؤس کراچی، سید فواد علی شاہ کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، ثناء اللہ ابڑو کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انفورسمنٹ اینڈ آٹومیشن کسٹمز کراچی، محمد اسماعیل کو کلکٹر، انفورسمنٹ کوئٹہ، فروخ سجاد کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ ساؤتھ کراچی، محمد نیئر شفیق کو چیف ( ٹیرف اینڈ ٹریڈ ) ایف بی آر اسلام آباد، محمد سعید وٹو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ( ایڈ جیوڈکیشن ) فیصل آباد، مس سائرہ آغا کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایڈ جیوڈکیشن لاہور، عائشہ نیاز کو ڈائریکٹر، انٹرنل آڈٹ اسلام آباد، محمد عرفان واحد کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کراچی، جمیل احمد بلوچ کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کراچی، معین الدین احمد وانی کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن راولپنڈی، اسدق افضل کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ فیصل آباد، آغا سعید احمد کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، مس بیلام رمضان کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف کسٹمز ویلیوایشن لاہور، ایس ایم علی زمان گردیزی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ایس اے پی ٹی کراچی، مس سعدیہ شیراز کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز ایکسپورٹ پورٹ قاسم کراچی، محمد حارث انصاری کو ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن لاہور، ڈاکٹر کرم الٰہی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کوہاٹ، سید علی عباس گردیزی کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ سرگودھا، محمد ارشد خان کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز گلگت بلتستان، محمد آصف کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اسلام آباد، نوید اقبال کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف اپریزمنٹ تافتان، نوابزادہ عالیہ دلاور خانجی کو ڈائریکٹر، کسٹمز اکیڈمی پاکستان کراچی، تسلیم اختر کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کوئٹہ، متین عالم کو کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ لاہور، گریڈ 19 کے شوکت علی کو کلکٹر ( او پی ایس ) کلکٹریٹ آف کسٹمز اپیل کراچی، عابد حسین کو ڈائریکٹر ( او پی ایس ) ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن کراچی اور عامر نواز حمید کو ڈائریکٹر ( او پی ایس ) ڈائریکٹوریٹ جنرل آف رسک مینجمنٹ کراچی کے عہدوں پر تعینات کیا گیا ہے۔

# جیولرز سونے اور جیولری کی خرید و فروخت دستاویزی بنانے پر رضامند

کراچی ( نیوز ڈیسک ) جیولرز اور سونے کے تاجر گولڈ مارکیٹ سے سٹہ ختم کرنے کے ساتھ سونے اور جیولری کی خرید و فروخت دستاویزی بنانے پر رضامند ہو گئے ہیں، اس فیصلے سے سونے کی قیمت میں نمایاں کمی اور بلیک منی کی ذخیرہ اندوزی کی حوصلہ شکنی ہو گی، تفصیلات کے مطابق کرنسی کی غیر قانونی خرید و فروخت کے خلاف کریک ڈاون کے بعد بلیک منی رکھنے والے ایک اور بڑے سیکٹر گولڈ مارکیٹ میں آپریشن کی تیاری کے سلسلے میں 2 روز قبل کراچی سے گولڈ کے 5 بڑے تاجروں کو قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حراست میں لیا تھا ان سے حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں جمعہ 15 ستمبر کو قانون نافذ کرنے والے اداروں، ٹاسک فورس کے نمائندوں اور آل پاکستان جیولرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے درمیان اسلام آباد میں طویل مذاکرات ہوئے جس میں سونے کے تاجروں نے یقین دلایا کہ اب مارکیٹ سے سٹہ بازی کا مکمل خاتمہ کر دیا جائے گا، مارکیٹ میں آئندہ ریڈی اور فزیکل ٹریڈنگ ہو گی، کاروبار کے لئے غیر قانونی یا ہفتہ وار ( غیر قانونی ) ٹریڈنگ نہیں ہو گی، کاروبار کو شفاف بنانے کے لئے ڈاکومنٹیشن کو فروغ دیا جائے گا، مارکیٹ کے تمام ممبر اس پر عمل کریں گے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ارکان کے ساتھ ایسوسی ایشن بھی ان اقدامات کی نگرانی کرے گی اور اگر ان شرائط کی خلاف ورزی ہوئی تو پھر سخت قانونی ایکشن لیا جائے گا۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ویسٹ کا پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:DHO/WEST/8996/99
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: دفتر، چھٹی منزل، سندھ سیکریٹریٹ نمبر ۔1، کمال اتاترک روڈ، کراچی۔
فون:021-99330233

## کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:01/2023-24
کمپیوٹر اسٹیشنری، جنرل اسٹیشنری
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: جی/کیش سیکشن آفس، 252، سرور شہید روڈ، نزد کراچی پریس کلب، صدر، کراچی۔
فون:0317- 4752773

## نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (جنرل) آفس، نیب، پی آر سی ایس بلڈنگ، 197/5، داؤد پوتا روڈ، کراچی کنٹونمنٹ۔
فون:021-99207955

## پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:LP/T-1856/23
بلیوٹائل پیپر، سائز 5,695x810MM+80 گرام،
تعداد:500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:26 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون:021-99248511-15

## مائیکروفنانس بینک کو پرنٹڈ اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:SMFB/Admin/TD/001/23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 3 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: کمپنی سیکریٹری، 39/F، دوسری منزل، محمد علی ہاؤسنگ سوسائٹی، کراچی۔
فون:021-34168125

## قائداعظم تھرمل پاور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز 80 گرام، تعداد:400 ریم
دیگر اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:3 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: منیجر ایڈمنسٹریشن آفس، پہلی منزل، 1-C-7، گلبرگ ۔3، لاہور۔




فون:042-35750963-8

## ڈی جی سوئل سروے پنجاب کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:9 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: آفس، پی او اعوان ٹاؤن، ملتان روڈ، لاہور۔
فون:042-99330010

## نشتر میڈیکل یونیورسٹی کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد:300 ریم
فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:150 ریم
(آریا، ڈبل اے، بی ایم او برانڈ)
کمپیوٹر پیپر A4 سائز، تعداد:2150 ریم
(ڈبل اے، ایچ پی، بی ایم او برانڈ)
میٹریل کی پرنٹنگ۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز آفیسر، ملتان۔
فون:061-9200238

## فیصل آباد پارکنگ کمپنی کو تھرمل رول درکار

تھرمل پیپر رول، 48,57MMx18MTR گرام،
تعداد:15000 رول
تھرمل پیپر رول، 48,79MMx65MTR گرام،
تعداد:6000 رول
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: منیجنگ ڈائریکٹر آفس، 430۔امین ٹاؤن، فیصل آباد۔
فون:041-9330781-82

## واٹر اینڈ سینی ٹیشن لاہور کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:P&S/25.01/6686
پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد:100 ریم۔
دیگر اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیورمنٹ اینڈ اسٹورز آفس، F-59، لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی، گلشن راوی، لاہور۔

## لاہور انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 80,27x34 گرام، تعداد:400 ریم
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 100,27x34 گرام، تعداد:400 ریم
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A3 سائز، 80 گرام، تعداد:16,600 ریم
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز، 80 گرام، تعداد:4000 ریم
آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز، 80 گرام، تعداد:1500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹورز سیکشن، 86۔موزنگ روڈ، لاہور۔
فون: 042-99200192-7 EXT:275 / 309

## سینئر سول جج سیالکوٹ کو پیپر واسٹیشنری درکار

پیلا پیپر 80 گرام، وائٹ پیپر امپورٹڈ 70 اور 80 گرام
اسٹیشنری آئٹمز (تمام اشیاء بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ، سول ڈویژن، سیالکوٹ۔
فون:052-9250441

## پاکستان ٹوبیکو بورڈ پشاور کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:3 اکتوبر 2023ء
برائے رابطہ: ٹرانسپورٹ اینڈ اسٹور آفیسر، B-46، آفس انکلیو، فیز ۔5، حیات آباد، پشاور۔
فون:091-9217155 EXT:117
0333-9168188

## پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کو لفافے درکار

لفافے کلاتھ لائن، سائز: 11½ x 15½،
تعداد:70000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹور سیکشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔فون:042-99260277

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لیے
سالانہ شرح:=/3000، برائے بیرون کراچی
سالانہ شرح:=/2500، برائے کراچی
(اس میں کوریئر/ڈاک چارجز شامل ہیں)


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستانیوں کیلئے ویزے کے اجراء کا عمل تیز کردیا، امریکی قونصلیٹ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکی قونصلیٹ کا کہنا ہے کہ پاکستانیوں کیلئے ویزے کے اجراء کا عمل تیز کردیا ہے، پاکستان سے امریکی ویزوں کی طلب اب تک کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، امریکن مشن کی جانب سے امریکی ویزا درخواست گزاروں کے لئے اپائنٹمنٹ کے انتظار میں کمی کے اقدامات کا اعلان کردیا گیا، امریکی قونصل خانہ کراچی میں 2024 میں طے شدہ اپائنٹمنٹ کی مدت کو کم کرتے ہوئے وہ اب 2023 میں طے کی جارہی ہیں، بعض کی اپائنٹمنٹ آئندہ ہفتے سے ہی طے ہوسکتی ہیں۔ امریکن قونصلیٹ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان میں امریکی مشن ماضی کی نسبت زیادہ سے زیادہ ویزا درخواستوں کو نمٹانے کے لیے کوشاں ہے اور ہم ویزا اپائنٹمنٹ کے انتظار کی مدت میں کمی لانے کے لیے سخت محنت کررہے ہیں۔ امریکی مشن کو اس سلسلے اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہورہا ہے کہ ہم ویزا کی مانگ میں اس غیر معمولی اضافہ کے پیش نظر درخواست گزاروں کی سہولت کیلئے تین طریقوں سے کام کررہے ہیں۔ اول، نان امیگرنٹ ویزا کیلئے ہزاروں درخواستوں پر عمل درآمد تیز کردیا گیا ہے۔

## کاروباری برادری کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، کامران ٹیسوری

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں، عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، نگراں وزیراعظم سے کراچی پر توجہ دینے کا کہا ہے کراچی کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں میں ترقی ہورہی ہے، نگراں حکومت کے اقدامات سے معاشی صورتحال میں بہتری آرہی ہے، آئندہ چند دنوں میں ڈالر کی قیمت بتدریج نیچے آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں کراچی کے صنعت کاروں اور تاجروں کے اعزاز میں ظہرانے کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے چیئرمین زبیر موتی والا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے مزید کہا کہ آرمی چیف سے ملاقات کے بعد تاجروں کا اعتماد بحال ہورہا ہے۔

## جولائی-ستمبر 3:23 ہزار سے زائد پاکستانی کمپنیاں دبئی چیمبر میں رجسٹرڈ

کراچی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) رواں برس کی پہلی سہ ماہی میں 3 ہزار 300 پاکستانی کمپنیوں نے دبئی چیمبر آف کامرس میں شمولیت اختیار کی، مجموعی طور پر دبئی چیمبرز کے ساتھ پاکستانی کمپنیوں کی تعداد 40,315 تک پہنچ گئی ہے۔ متحدہ عرب امارات میں ملک کے اعلیٰ سفارت کار نے اسے پاکستانی کاروبار کی متحرکیت اور سرمایہ کاری کی منزل کے طور پر متحدہ عرب امارات کی بڑھتی ہوئی کشش کی عکاسی قرار دیا۔ دبئی چیمبر نے رواں ہفتے ایک بیان میں کہا کہ پہلی سہ ماہی کے دوران مجموعی طور پر 30,146 نئی کمپنیاں شامل ہوئیں۔ بھارت 6 ہزار 717 نئی کمپنیوں کے ساتھ سرفہرست ہے، اس کے بعد 4 ہزار 445 رجسٹر فرموں کے ساتھ یو اے ای ہے۔ پاکستان 3,395 نئے کاروباری اداروں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے، جو کہ گذشتہ سال کی پہلی سہ ماہی سے 59 فیصد زیادہ ہے۔ پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے ابوظہبی میں عرب میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعی ایک مثبت پیش رفت ہے جو پاکستانی تاجر برادری اور تارکین وطن کی لچک اور کاروباری صلاحیت کو اجاگر کرتی ہے۔ سفیر نے مزید کہا کہ دبئی ایک مثالی جگہ ہے جہاں سے پاکستان دیگر خلیجی ریاستوں اور مشرق وسطیٰ کے ساتھ کاروبار کرسکتا ہے۔

## پاکستان کی بزنس، انویسٹر اور ورک ویزا پالیسی میں ترمیم کی منظوری

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی کابینہ نے بزنس، انویسٹر اور ورک ویزا پالیسی میں ترمیم کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ سے 103 ممالک کیلئے ویزا پالیسی میں ترمیم کی منظوری سرکولیشن کے ذریعے لی گئی۔ ویزا پالیسی میں ترمیم سے بیرونی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے سہولت مل سکے گی۔ ذرائع کے مطابق سپیشل انویسٹمنٹ فسیلی ٹیشن کونسل کی سفارش پر ویزا پالیسی میں ترامیم تیار کی گئیں، ایس آئی ایف سی کی سفارش پر 6 ماہ کیلئے بزنس ویزا فوری طور پر جاری کیا جائے گا۔ پاکستانی مشن 5 سال کیلئے بزنس ویزا 24 گھنٹے میں جاری کرنے کے پابند ہوں گے، ایک سال کیلئے شارٹ ٹرم انویسٹر ویزا ابھی 24 گھنٹے میں جاری کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ایس آئی ایف سی کی سفارش پر 3 سال کا انویسٹر ویزا 24 گھنٹے میں جاری کیا جائے گا، 5 سال کیلئے انویسٹر ویزا وزارت داخلہ 10 دن میں جاری کرنے کی پابند ہوگی۔ 2 سال کیلئے ورک ویزا وزارت داخلہ سکیورٹی کلیئرنس ملنے کے بعد ایک ماہ میں جاری کرے گی۔

## بینکوں کو ایکسچینج کمپنیاں بنانے کی اجازت، سرمائے کی شرط 50 کروڑ کردی گئی

کراچی (بزنس ڈیسک) بینک دولت پاکستان نے ایکسچینج کمپنیوں کے شعبے میں بنیادی اصلاحات متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ زرِ مبادلہ کا کاروبار کرنے والے صفِ اول کے بینک عوام کی جائز ضروریات پوری کرنے کیلئے ایکسچینج کمپنیاں بنا سکیں گے۔ موجودہ ایکسچینج کمپنیوں اور ان کی فرنچائز شاخوں کو یکجا کرکے ایکسچینج کمپنیوں کے واحد زمرے میں تبدیل کردیا جائے گا جس کا مقررہ دائرہ کار ہوگا۔ مزید براں ایکسچینج کمپنیوں کیلئے کم از کم سرمائے کی شرط 200 ملین روپے سے بڑھا کر 500 ملین روپے کردی گئی ہے۔ 'بی' زمرے کی ایکسچینج کمپنیوں (ای سی بی) اور ایکسچینج کمپنیوں کی فرنچائز شاخوں کو مکمل ایکسچینج کمپنیوں میں تبدیل ہونے کیلئے درج ذیل پیشکش کی گئی ہے۔ زمرہ 'ب' کی ایکس چینج کمپنیاں تین ماہ میں تقاضے پورے کرنے کے بعد ایکس چینج کمپنی کی حیثیت حاصل کرسکتی ہیں ورنہ لائسنس منسوخ کردیے جائیں گے۔ فرنچائز شاخیں تین ماہ میں قواعد وضوابط پورے کرنے کے بعد دوسری کمپنی میں ضم ہوسکتی ہیں یا پھر اپنا کاروبار متعلقہ فرنچائز کو بیچ سکتی ہیں۔ اس کیلئے زمرہ 'ب' کی ایکس چینج کمپنیاں اور ایکسچینج کمپنیوں کی فرنچائز شاخیں تبدیلی کا منصوبہ جمع کرائیں گی اور ایک ماہ میں سٹیٹ بینک سے اجازت نامہ حاصل کریں گی۔

## متحدہ عرب امارات میں فضائی ٹکٹوں پر پچاس فیصد سے زیادہ رعایت

